2017年11月8日ジャング紙ラーワルピンディー版4面

ختم نبوت مارچ راولپنڈی پہنچ گیا، پریڈ گراؤنڈ تک رسائی کی پیشکش

عقیدہ ختم نبوت ایمان کا حصہ ہے، کوئی سمجھوتہ نہیں کرینگے، قائدین کا لیاقت باغ میں خطاب

اسلام آباد، راولپنڈی (خصوصی نامہ نگار، اپنے رپورٹر سے) تحریک لبیک پاکستان کے زیر اہتمام ختم نبوت لانگ مارچ راولپنڈی پہنچ گیا جو آج اسلام آباد میں داخل ہوگا۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے ریڈ زون کو مکمل طور پر سیل کر دیا گیا ہے۔ جناح ایونیو کو بھی ہر قسم کی ٹریفک کے لئے بند کر دیا گیا ہے۔ تحریک لبیک پاکستان کی قیادت کو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اسلام آباد کی طرف سے پریڈ گراؤنڈ تک رسائی دینے کی پیشکش کی گئی ہے۔ ادھر وفاقی دارالحکومت میں داخلے کو روکنے کے لئے مری روڈ اور فیض آباد انٹرچینج پر بھی کنٹینر لگا کر راستہ بند کر دیا گیا ہے۔ وفاقی دارالحکومت میں کارواں ختم نبوت کی حفاظت کے لئے پانچ ہزار سے زائد اہلکار متعین کر دیئے گئے ہیں۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کیپٹن (ر) مشتاق احمد کا کہنا ہے کہ 26 اکتوبر کو اسلام آباد میں آنے والے کارواں ختم نبوت کی قیادت کو تحریری یقین دہانی کرائی ہے کہ حکومت تحفظ ختم نبوت کے سلسلے میں کوئی کمزوری نہیں دکھائے گی۔ دریں اثناء مارچ کے شرکاء کچہری چوک سے ہوتے ہوئے مریڑ چوک اور پھر لیاقت باغ پہنچے جہاں تحریک کے مرکزی قائدین نے خطاب کیا اور اعلان کیا کہ دن کی روشنی میں اسلام آباد میں جائیں گے۔ ناموس رسالت اور عقیدہ ختم نبوت ہمارے ایمان کا حصہ ہے اس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ لیاقت باغ میں شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے علامہ خادم حسین اور افضل قادری نے کہا کہ ختم نبوت کے تحفظ کیلئے شیر آیا نہ بلا اور نہ تیر۔ تقاریر کے بعد لانگ مارچ کے شرکاء فیض آباد کی طرف روانہ ہوگئے۔